فرشتہ اس گھر میں داخل نہیں ہوتے، جس میں کوئی کتا یا تصویر ہو"

ابو طلحہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ اللہ کے نبی صلی اللہ علیہ و سلم نے فرمایا: "فرشتہ اس گھر میں داخل نہیں ہوتے، جس میں کوئی کتا یا تصویر ہو"
[صحیح] [متفق علیه]

اللہ کے نبی صلی اللہ علیہ و سلم نے بتایا کہ رحمت کے فرشتہ اس گھر میں داخل نہیں ہوتے، جس میں کتا یا روح والی چیزوں کی تصویر ہو کیوں کہ روح والی چیزوں کی تصویر بنانا ایک بہت بڑا گناہ، تخلیق کے عمل میں اللہ کی ہم سری کا دعوی اور شرک کا ایک وسیلہ ہے بعض تصویریں تو ان چیزوں کی بھی ہوا کرتی ہیں، جن کو اللہ کو چھوڑ کر پوجا جاتا ہے جس گھر میں کتا ہو، اس میں فرشتہ داخل اس لیے نہیں ہوتے کہ کتا گندگی بہت زیادہ کھاتا ہے اور کچھ کتے شیطان بھی کہلاتے ہیں جب کہ فرشتہ شیطان کی ضد ہیں اور اس لئے بھی کہ کتے کے جسم سے بدبو آتی ہے اور فرشتوں کو بدبو سے نفرت ہے ایک وجہ یہ بھی ہے کہ کتا پالنا منع ہے، اس لیے کتا پالنے والے کو سزا کے طور پر اس کے گھر میں، رحمت کے فرشتوں کے دخول، اس کے حق میں ان کے دعا کرنے اور مغفرت طلبی، اس پر اور اس کے گھر میں ان کی برکت کی دعا اور اسے شیطان کی ایذا رسانیوں سے محفوظ رکھنے سے، محروم کر دیا جاتا ہے

http://www.sunnah.global/hadeeth/ur/show/8950